اس کتاب میں فضائل اخلاق کی تلقین نہایت ہی سادہ اور مؤثر انداز میں پیش کی گئی ہے۔ اس میں دیے گئے سبق آموز اور عبرت انگیز واقعات سیرت النبی ﷺ حیاتِ صحابہؓ اور نیک لوگوں کے سوانح حیات سے لیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ مصنف نے اپنی طویل زندگی کے دوران پیش آنے والے فکر انگیز اور نصیحت آموز مشاہدات اور تجربات بھی اس میں درج کیے ہیں۔ یوں یہ کتاب کئی بیش قیمت دینی اور اخلاقی کتابوں کا نچوڑ اور راہنما مشاہدات و واقعات پر مشتمل ہے۔ متلاشیانِ حق اور با مقصد مطالعہ کرنے والوں کے لیے یہ بیش قیمت تحفہ ہے جو محمد اشرف بٹ صاحب اپنی دوسری کتابوں کی طرح ہدیتاً لوگوں میں تقسیم کر رہے ہیں۔ محترم مصنف یہ کتاب بذریعہ ڈاک نہیں بھیجتے' بلکہ شوق رکھنے والے حضرات ان کے ہاں سے دستی لے سکتے ہیں۔ کتاب کی کمپوزنگ معیاری اور ٹائٹل خوبصورت ہے۔

(۴)

نام مجلّہ : ماہنامہ ''القاری'' جون ۲۰۰۵ء

مرتب : قاری حبیب الرحمٰن

ضخامت: 36 صفحات

ملنے کا پتہ : ☆ جامعہ صدیقیہ' توحید پارک' راوی روڈ' لاہور

''القاری'' ایک مختصر سا ماہنامہ ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ پرچہ ''بقامت کہتر بقیمت بہتر'' کا مصداق ہے۔ قرآن مجید کو صحت لفظی اور تجوید و قراءت کے اصولوں کے مطابق پڑھنا بہت ضروری ہے۔ غالباً یہ واحد مجلّہ ہے جو علم تجوید و قراءت کی اہمیت واضح کرتا ہے اور اس کے اصول و ضوابط بیان کرتا ہے۔ چند صفحات پر مشتمل اس شمارے کو پڑھ کر محسوس ہوتا ہے کہ جناب مرتب کو فن تجوید پر نہ صرف عبور حاصل ہے بلکہ وہ اس فن کے ساتھ والہانہ ذوق و شوق بھی رکھتے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ قرآن مجید پڑھنے والے قراءت کی لطافتوں سے واقف ہوں اور اللہ کا کلام شایانِ شان انداز میں تلاوت کریں۔

زیر نظر شمارے میں محفل قراءت کے عنوان سے ایک مضمون خود قاری حبیب الرحمٰن صاحب کا ہے' جو انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ موصوف نے مروجہ محافل قراءت پر بڑی مہارت اور جرأت کے ساتھ تنقید کی ہے۔ وہ کہتے ہیں محفلِ قراءت رسمی انداز کی نہیں ہونی